بزمِ ادب
کے ۱۰۰ سال

میگزین
# ملن
کراچی


یکم شوال ۱۴۴۴ھ بمطابق ۲۰۲۳

۱۹۲۳ء سے ۲۰۲۳ء

عید کے رنگ بزمِ ادب کے سنگ

جمعیت حکیمان (دھلی) کراچی پاکستان

CamScanner




# پیغام مجلسِ اعلیٰ

مجھے یہ جان کر بہت خوشی ہوئی کہ ہماری برادری کے نوجوانوں نے عید الفطر کے موقع پر فہد متین کی سربراہی میں ایک ٹیم تشکیل دی جو تقریبا تین سال بعد بزمِ ادب کی تقریب کا اہتمام کروائی گی یہ فیصلہ قوم کو ایک مرتبہ پھر "عید ملن" میں ایک دوسرے کے ساتھ ملنے کا موقع فراہم کرے گا۔ اسی طرح کا فیصلہ آج سے 100 سال پہلے جناب محمد دین خلیقی صاحب (مرحوم) نے دہلی میں کیا اور وہاں پہلا اجتماع منعقد کروایا تھا۔ آج اس اجتماع کو دیکھ کر اتنی خوشی ہوئی جو کہ نا قابلِ ستائش اور قابل فخر ہیں وہ باہمت نوجوان جو رمضان المبارک کے روزے رکھ کر برادری کے ممبران کیلئے عید ملن کا اہتمام کرتے ہیں۔ اور ایک دوسرے کے ساتھ ملاقات موقع فراہم کرتے ہے۔

جب پوری قوم عید فطر کی آمد آمد میں مصروف ہوتی ہے، یہ نہ صرف عطیات جمع کرتے ہیں بلکہ پروگرام کی ترتیب وتدوین میں رات دن ایک کردیتے ہیں۔ خاص طور پر جب یہ ملک سیاسی اور مالی بحران سے گزر رہا ہے اور مہنگائی اور پریشانی کے باوجود برادری کے لوگوں کیلئے خوشی کے لمحات میسر کرنا قابل تعریف جزبہ ہیں۔

میں بزمِ ادب کی کمیٹی کو سلام پیش کرتا ہوں اور مبارک بات پیش کرتا ہوں اور آئندہ بھی امید کرتا ہوں کہ وہ اسی جزبہ برادری اور یکجہتی کو فروغ دیں گے۔

شکریہ
آپ کی دعاوں کا طلبگار
محمد امتیاز زکائی
صدر جمیعت حکیمان (دہلی) کراچی پاکستان



# پیغام

عید الفطر کے اس پرمسرت موقع پر ہم دونوں انیس احمد شیخ اور محمد نقی پوری برادری جمیعت حکیمان (دہلی) کراچی پاکستان کو دلی عید مبارک پیش کرتے ہیں۔

تقریباً تین سال بعد قوم کے ان نوجوانوں نے بڑی ہمت اور جانفشانی سے آج کی یہ پروقار تقریب منعقد کی ہے۔

جن حالات سے ہمارا ملک گزر رہا ہے، اتنی مہنگائی اور پریشانی کے باوجود عید الفطر کے موقع پر برادری کے ممبران کو جمع کرنا انتہائی خوش آئندہ بات ہے اور ان نوجوانوں کا جذبہ قابل تحسین ہے۔ بزمِ ادب کے اس پروگرام کی بنیاد 100 سال پہلے جناب محمد دین خلیقی صاحب (مرحوم) نے رکھی تھی، آج ہمارے ان نوجوانوں نے پھر ان کی یاد تازہ کردی اور کراچی جیسے شہر میں اس کی اہمیت بہت ہے۔ اس اجتماع کے بغیر اتنے افراد کا عید ملنا ممکن نہیں ہے۔ آج ان نوجوانوں نے عصر حاضر کے تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے بچوں سے لے کر بڑوں تک کیلئے بہت شاندار پروگرام ترتیب دیئے ہیں۔ جس کے صدر بزمِ ادب فہد متین اور ان کی پوری کابینہ کو مبارک باد پیش کرتے ہیں۔

اعلیٰ مجلس انتظامی، فرینڈ سرکل، بزمِ ادب اور بزمِ خواتین بھی دوش بدوش قوم کے افراد کی خدمت میں سرگرم عمل ہیں۔ ہم آپ سب کیلئے تقویت کا باعث ہے۔

منجانب:
چودری انیس احمد شیخ
چودری محمد نقی



# پیغامِ عید

اسلام وعلیکم!

میری اور میری کابینہ کی طرف سے تمام اہلیانِ جمعیت کو دلی عید مبارک ۔عیدالفطر کے اس پرمسرت موقع پر اہلیانِ جمعیت کو ایک جگہ یکجہ کرنے کے لئے اس محفل "بزمِ ادب" کا انعقاد گزشتہ سو سال سے کیا جا رہا ہے۔گزشتہ چار سال سے اس پروگرام کا انعقاد کرونا وائیرس کی موذی بیماری کی وجہ سے ممکن نہ ہوسکا۔اس دوران ہمیں اندازہ ہوا کہ اہلیانِ برادری اس محفل کی کمی کی قدر محسوس کرتے ہیں۔اس مہنگائی کے طوفان میں اتنے عرصے بعد اس پروگرام کا انعقاد کرنا ممکن نہ تھا مگر میری ٹیم نے اس پروگرام کے انعقاد کا بیڑا اٹھایا اور الحمدللہ ہم اس کوشش میں فنڈز کی بے انتہا کمی کے باوجود برادری کے لوگوں کی محبت اور حوصلہ افزائی سے اس پروگرام کو پایہء تکمیل تک پہنچانے میں کامیاب ہوئے جس کے لئے میں اور میری ٹیم خداوند تعلیٰ کے بے حد شکر گزار ہیں۔اللہ تعلیٰ ہمیں اس ہی طرح ہر عید پر ایک جگہ یکجہ ہو کر ایک ساتھ عید منانے کا موقع فراہم کرنے کی ہمت عطا فرمائے (آمین)۔میں ان تمام لوگوں کا بے حد مشکور ہوں جنہوں نے اس پروگرام کے انعقاد میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔مجلسِ اعلی کے ممبران بلخصوص صدر جمعیت امتیاز زکائی صاحب اور نسیم الدین (ایڈوکیٹ) صاحب کا بے حد مشکور ہوں جنہوں نے ہماری حوصلہ افزائی فرمائی۔تمام اسپونسرز جنہوں نے اس پروگرام میں اپنا حصہ ڈالا اور اس میگزین "ملن" کی اشاعت ممکن بنائی جو اس وقت اپکے ہاتھ میں ہے۔

میں اپنی ٹیم کے ہر اس شخص کا شکر گزار ہوں جنہوں نے رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں دن رات ایک کر کے اس پروگرام کے انعقاد میں اپنا کردار ادا کیا۔آخر میں آپ تمام لوگوں کا ایک بار پھر شکریہ ادا کرنا چاہوں گا کہ آپ لوگوں کی آمد نے اس محفل کو چار چاند لگائے اور ہماری حوصلہ افزائی کی۔اللہ تعلیٰ ہمیں ہر عید پر اس ہی طرح یکجہ ہونے کی توفیق عطا فرمائیں۔(آمین)

شکریہ

آپ کی دعاوں کا طلبگار

فہد متین (صدر بزم ادب)

# اراکینِ بزمِ ادب 2023



فہد متین
صدر
0300-2369500



عمران سبحان
نائب صدر
0300-2054820



بلال طارق
جنرل سیکریٹری
0333-3137657



معراج ذاکر
جوائنٹ جنرل سیکریٹری
0300-2901335




عدنان ناظم
ایڈیشنل جنرل سیکریٹری
0309-9430320



شبیر بقائی
فنانس سیکریٹری
0346-3200841



صارم ذکائی
پروگرام سیکریٹری
0334-3521576



مبشر طحہ
مینجمنٹ سیکریٹری
0304-2250774




عبدالوہاب متین
جوائنٹ سیکریٹری 2
0343-2488779



حافظ منیب احمد
انفارمیشن سیکریٹری
0342-2911139



محمد حمزہ
لٹریسی سیکریٹری
0333-2893658




سالک رضا ذکائی
سوشل سیکریٹری
0321-9282279



ایاز رفیع الدین
جوائنٹ پروگرام سیکریٹری
0332-3548528



محمد عبداللہ شاہد
جوائنٹ فائنانس سیکریٹری
0335-2161654



محمد فہد یوسف
جوائنٹ لٹریسی سیکریٹری
0300-2897100



عابد یاسین
جوائنٹ منیجمنٹ سیکریٹری 1
0336-8105180



شعیب شکیل
جوائنٹ منیجمنٹ سیکریٹری 2
0345-2205147




شہزاد آفتاب
جوائنٹ سوشل سیکریٹری
0300-2104841



عزیر احمد
جوائنٹ انفارمیشن سیکریٹری
0305-2829940



CamScanner



محمد اعظم
چیف ایڈوائزر
0322-2598449



عمران ممتاز
چیف ایڈوائزر
0334-2992939



محمد شہزاد
کوارڈینیٹر
0345-3360016



اقبال احمد شیخ
سینئر کوارڈینیٹر
0333-2219399



محمد سہیل زکائی
سینئر کوارڈینیٹر
0300-8243303



عون اسلم
کوارڈینیٹر
0313-2060102



محمد طیب سلیم
کوارڈینیٹر
0334-3206982



محمد حسین
کوارڈینیٹر
0308-2205852



حافظ عبدالرافع راشد
کوارڈینیٹر
0332-3902625



حافظ عبداللہ راشد
کوارڈینیٹر
0300-2509507



محمد احسن
کوارڈینیٹر
0303-2806560



## جمیعت حکیمان (دہلی) کراچی پاکستان

# سالانہ رپورٹ

نسیم الدین
جنرل سیکریٹری

سب سے پہلے تمام حضرات کو عید مبارک ہو۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اور تمام اہلِ برادری کو ہمیشہ ہمیشہ اسی طرح عید کی خوشیاں و مسرت نصیب فرمائے۔ آمین۔ آج ہمارے لئے بڑی خوشی کا دن ہے کہ یہاں احباب صادق گراؤنڈ میں تین سال بعد ممبران جمیعت حکیمان جمع ہو کر بزمِ ادب کے پروگرام میں جمع ہو کر اپنی عید کی خوشیوں کو دوبالا کر رہے ہیں۔

جمیعت حکیمان (دہلی) کراچی، پاکستان کی منتخب اعلیٰ مجلس انتظامی قیام پاکستان کے بعد برادری کو یکجا رکھنے اور معاشی، تعلیمی، اخلاقی کام کرتی رہی ہے۔ برادری کے تمام حضرات سے گزارش ہے کہ برادری کو یکجا رکھنے اور معاشی، تعلیمی، اور اخلاقی ترقی کیلئے جمیعت حکیمان (دہلی) کراچی، پاکستان کی اعلیٰ مجلسِ انتظامی کا ساتھ دیں۔ الحمداللہ مجھے یہ بتاتے ہوئے خوشی محسوس ہو رہی ہے کہ آپکی دی ہوئی زکوٰۃ کی وجہ سے ہم نے 38 مستحق خاندانوں کو فلیٹ الاٹ کرا کے ان فلیٹوں میں آباد کر دیا، جسکی مالیت آج کے دور میں فی فلیٹ پچیس چھبیس لاکھ فی ہے۔ آج وہ آرام سے اپنے گھروں میں خوش و خرم رہ رہے ہیں۔ 6 فلیٹ ابھی زیرِ تعمیر ہیں۔ انشاءاللہ جلد مکمل ہونے کے بعد ان فلیٹوں کو بھی مستحق خاندانوں کو دیدیا جائیگا۔

میں آج برادری کے ممبران کے سامنے اس سال کی زکوٰۃ و چرم قربانی کا حساب پیش کر رہا ہوں۔

امسال اتنی بڑی برادری میں گائیں کی کھالیں 292 جمع ہوئیں اور بکرے کی کھالیں 722 جمع ہوئیں۔ جو کہ -/613190 میں فروخت ہوئیں۔

الحمدللہ اس سال میں زکوٰۃ کی مد میں مبلغ -/20095011 روپے جمع ہوئے اور چرم قربانی کی مد میں -/613190 روپے جمع ہوئے دونوں کو ملا کر کُل -/20708201 روپے جمع ہوئے۔

رمضان پیکیج میں اس سال تقریباً غذائی اجناس کے 24 آئٹم دیئے گئے۔ گزشتہ سال کی طرح جمیعت حکیمان (دہلی) کراچی نے مستحق خاندانوں میں رمضان پیکیج غذائی اجناس جو کہ تقریباً 20 میٹرک ٹن ونقد کی صورت میں رمضان المبارک سے پہلے اور شعبان کے مہینے کے آخر میں برادری کے مخیر حضرات کے تعاون سے تقسیم کیا گیا۔ اشیاء کی خریداری میں معیار اور نرخ کا خاص خیال رکھا گیا۔

پوری برادری کے لوگوں سے دردمندانہ اپیل ہے کہ وہ زکوٰۃ کی مد میں زیادہ سے زیادہ تعاون کریں تاکہ ہم برادری میں غربت اور جہالت کا خاتمہ کر سکیں۔ چرم قربانی کے سلسلے میں ہمارے رضا کاروں سے بھرپور تعاون کریں اور آپ سے اپیل ہے کہ آپ ہمارے مرکزی آفس میں فون کر کے اطلاع دیں کہ کھال وصول کر لیں یا آپ خود پہنچا دیں۔


رمضان پیکیج اور چرم قربانی کے روحِ رواں اور نائب صدر جناب ناظم الدین بقائی صاحب کا اور صدر جناب امتیاز ذکائی صاحب دن رات محنت کر کے ان منصوبوں کو اعلیٰ مجلس انتظامی کے ممبران کے تعاون سے کامیاب بنایا اس کے لئے ہم ان کا پوری برادری کی طرف سے شکریہ ادا کرتے ہیں۔


جیسا کہ آپ سب کے علم میں ہوگا کہ ملک کی معاشی صورتحال کیا ہے اور مہنگائی اپنے عروج پر ہے جسکی وجہ سے اناج کی قیمتیں پچھلے سال کی نسبت بے انتہا بڑھ گئی ہیں۔ برادری کے مخیر حضرات کیلئے بھی کاروباری صورتحال کی وجہ سے جمیعت سے گزشتہ سالوں کی طرح کا تعاون کرنا بھی مشکل کل رمضان پیکیج 410 تقسیم کئے گئے جن میں سے 390 برادری میں تقسیم کیے گئے جبکہ 20 پیکیج NGOs کو دیئے گئے۔ اناج اور راشن کی مالیت -/5961678 یہ تمام پیسے بغیر زکوٰۃ کے ہیں اس میں زکوٰۃ شامل نہیں ہے۔ برادری کے مخیر حضرات کی جانب سے تحفہ ہے۔

نقد رقم -/3030000 یہ زکوٰۃ کے پیسوں میں سے تقسیم کئے گئے۔ رمضان پیکیج کی کل مالیت -/8991678

اس کے علاوہ دیگر اخراجات کی تفصیل درج ذیل ہے۔

| | |
|---|---|
| 300 طلباء و طالبات کی تعلیم کے اخراجات | 3547865/- روپے |
| 97 برادری کی بیواؤں کو ماہانہ امداد | 5490200/- روپے |
| بیٹیوں کی شادی | 265000/- روپے |
| متفرق اخراجات | 154000/- روپے |
| میڈیکل پر خرچ | 279500/- روپے |
| کاروبار کیلئے | 45000/- روپے |
| خصوصی ادائیگی بزرگوں کو | 870000/- روپے |
| کمبل | 70000/- روپے |
| رمضان پیکیج نقد ادائیگی | 3030000/- روپے |
| سرجانی کے فلیٹوں کی مرمت اور رجسٹری | 6975190/- روپے |
| **کل اخراجات** | **20726755/- روپے** |
| اگلی زکوٰۃ میں سے خرچ | 18554/- روپے |




# فرینڈز سرکل

جیسے ہی رمضان المبارک کا مقدس مہینہ اپنے اختتام کو پہنچا ہے تو ہمیں ایمان، قربانی اور سخاوت کی طاقت یاد دلائی جاتی ہے۔ عید الفطران اقدار کو منانے اور اپنی زندگی میں موجود نعمتوں کا شکر ادا کرنے کے لئے اپنے پیاروں کے ساتھ اکھٹے ہونے کا وقت ہے۔

فرینڈز سرکل JHD کی جانب سے، میں اپنے قارئین اور ان کے اہلِ خانہ کو اس خوشی کے موقع پر نیک خواہشات پیش کرنا چاہتا ہوں۔ دعا ہے کہ یہ عید آپ کیلئے امن، خوشی اور خوشحالی لے کر آئے، اور یہ ہماری برادری میں محبت اور اتحاد کے رشتے کو مضبوط کرے۔ اس موقع پر آئیں ہم اتحاد کیلئے اپنی وابستگی کا اعادہ کریں اور برادری کی تعمیر کریں جو انصاف پسند اور ہمدرد ہو، مل کر ہم عظیم مقاصد کا حصول ممکن بنا سکے اور اپنی برادری میں مثبت تبدیلی لا سکتے ہیں۔ الحمد اللہ ہمیں اپنے نوجوانوں سے بھی ہماری برادری کے نیک مقاصد پر پزیرائی حاصل ہے۔ جیسا کہ حال ہی میں ہم نے اپنے انتخابات 2023,2024 سے گزرے ہیں اور ہم نے بہت سے نئے چہرے دیکھے ہیں جو برادری کے لئے اپنی جذبہ اور مثبت سوچ کا اظہار کر رہے ہیں۔

فرینڈ سرکل JHD ہماری کمیونٹی کے اندر تعلیم، طبی تندرستی اور سماجی اجتماعات پر توجہ مرکوز کرتا ہے، ہمارا ہدف ہماری برادری میں شرح خواندگی 100% ہے، اس لئے ہم کئی اقدامات کر رہے ہیں مثال کے طور پر: اسکالرشپ پروگرام Student Party اور تعلیم کو فروغ دینے کیلئے دیگر سرگرمیاں شامل ہیں۔


ہمارے پاس مستقبل کیلئے اور بھی منصوبے ہے اب ہم آگے بڑھ رہے ہیں اور آئی ٹی کی تعلیم کو فروغ دینے کی کوشش کر رہے ہیں اور بہت کچھ ایک بار پھر ہماری کمیونٹی کے ہر فرد کو عید مبارا اور دعا ہے کہ اللہ ہماری ان نیک کاوشوں میں ہمیں کامیاب کرے آمین

**شکریہ**

**آپ کی دعاوں کا طلبگار**

صارم زکائی (صدر فرینڈز سرکل)
























CamScanner

# فرینڈ سرکل ویمن لیگ

## FCWL

اسلام کی نگاہ کے مطابق خلقت اور پیدائش کے لحاظ سے مرد وعورت کے درمیان خاص خصوصیات ہیں، لیکن معنوی تکامل، معنوی اقداراور سماجی حقوق کے لحاظ سے کوئی فرق نہیں۔عورت ماں بھی ہے، بیوی بھی ہے، بہن بھی ہے اور بیٹی بھی ہے، زندگی کے ہر روپ میں عورت اہم کردار ادا کرتی ہوئی نظر آتی ہے۔اس دوراکیس صدی میں بھی عورت کسی طور مرد سے کم نہیں ہے۔

مکالمات فلاطون نہ لکھ سکی لیکن

اسی کے شعلے سے ٹوٹا شرار فلاطون

عورت معاشرے کے پرندے کا دوسرا پر ہے مثالی معاشرے کے لیے عورت کو ترقی کے ہمہ جہتی مواقع میسر آنا ضروری ہیں۔

اس نقطے کو مدِ نظر رکھتے ہوئے اپنی برادری کی خواتین کی ترقی و فلاح و بہبود کے لیے 2016ء میں فرینڈ سرکل ویمن لیگ کے نام سے ایک پلیٹ فارم کا اجراء کیا گیا۔اس پلیٹ فارم پر خواتین کو یکجا کرنے اور آپس میں میل جول کا موقع فراہم کرنے کے لیے سب سے پہلا ایونٹ Meet and Joy کے نام سے احباب صادق ہال میں منعقد کیا گیا۔

فرینڈ سرکل ویمن لیگ کے قیام کا مقصد برادری کی خواتین کے لیے ایک ایسا متحرک پلیٹ فارم مہیا کیا گیا ہے جس میں برادری کی خواتین کی اخلاقی اور اصلاحی نشونما کر کے انہیں نہ صرف اپنے لیے بلکہ پوری برادری اور معاشرے کے لیے فائدہ مند بنایا جا سکے۔اس مقصد میں کامیابی حاصل کرتے ہوئے FCWL اب تک کے قلیل عرصے میں متعدد ایونٹس منعقد کر چکی ہے۔جن میں FUN FIESTA، محفل سیرت النبی ﷺ، ایجوکیشنل گالا اور عید ملن شامل ہیں۔

FCWL کی کامیابیوں کا سہرا نہ صرف FCWL کی ٹیم ممبرز کو جاتا ہے۔ بلکہ مجلس اعلیٰ کے معزز ممبران خصوصی طور صدر جمعیت حکیمان دہلی جناب امتیاز ذکائی صاحب، جناب ناظم الدین بقائی صاحب، جناب شکیل احمد صاحب اور فرینڈ سرکل کی Male Cabinet کو بھی جاتا ہے۔جنکی بھرپور مدد اور تعاون کی وجہ سے FCWL اتنے قلیل عرصے میں کامیابی کی راہ پر گامزن ہے۔ مجھے امید ہے کہ FCWL آگے بھی خواتین کی یکجہتی اور ذہنی صلاحیتوں کی نشونما کے لیے مزید تخلیقی پروگرام ترتیب دے گی۔

برادری کی جو لڑکیاں FCWL کا حصہ بننا چاہتی ہیں وہ FCWL کی ممبرز سے رابطہ کر سکتی ہیں۔

شکریہ

**مسز اریبہ بلال**

صدر فرینڈز سرکل ویمن لیگ